# ضابطہ اخلاق









BRAND SAFWAY

آپ کی خدمت کے لیے مصروفِ عمل

## چیف ایگزیکیٹیو کی جانب سے ایک پیغام





## برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ٹیم کے اراکین کے نام:

ہمیں اپنی عالمی ٹیم کے متنوع، جامع اور شفاف ثقافت اور کمپنی کی دیانتداری کی بنیاد پر شہرت پر فخر ہے۔ برانڈ انڈسٹریل سروسز انکارپوریٹڈ اور اس کے ذیلی اداروں (''برانڈ سیف وے'') کے ملازم ہونے کے ناطے ہمیں اپنی ساکھ برقرار رکھنے اور اسے آگے بڑھانے، ایک شفاف اور جامع ثقافت کی تشکیل، اور انڈسٹری میں اعلی ترین معیار برقرار رکھنے کے لیے آپ کا تعاون درکار ہے.

ہم جس مربوط اور شفاف دنیا میں رہتے اور کام کرتے ہیں، وہاں ہمارے صارفین، ہمارے ساتھیوں اور ہمارے لوگوں کی ہم سے توقعات مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ ان توقعات پر پورا اترنے کی لئے اس ضابطہ اخلاق کا دھیان سے مطالعہ کرکے، اس کے مندرجات کو خوب سمجھ کر، اور اس کے اصولوں کا اپنے ہر کام میں اطلاق کرکے ہمارا ساتھ دیں۔ باہمی طور پر مل کر شفافیت پر مبنی ثقافت کی تشکیل اور دیانتداری کی ساکھ کو قائم رکھتے ہوئے ہم نئے صارفین کو اپنی جانب راغب کرنے، موجودہ صارفین کا اپنے ساتھ جوڑ قائم رکھنے اور انڈسٹری کے اندر اپنی کمپنی کو پسندیدہ آجر اور سب کے لئے کام کرنے کا بہترین مقام قرار دینے کے لیے جہد مسلسل کرتے رہیں گے۔

ہمارا ضابطہ اخلاق، جس کا برانڈ سیف وے کے تمام ملازمین اور ان فریقانِ ثالث پر جو ہماری ممکنہ نمائندگی کر سکتے ہیں، پر اطلاق ہوتا ہے، کے تشکیل دینے کا مقصد یہ تھا کہ آپ اور ہماری عالمی ٹیم کے ہر فرد کو وہ رہنما اصول فراہم کیے جائیں جن پر عمل کرکے ہماری ثقافت کی حفاظت کی جائے اور باہمی طور پر مل جل کر دیانت داری اور مستقل مزاجی سے صحیح کام درست انداز میں انجام دیے جائیں۔ اگر آپ خود کو ایسی صورت حال سے دوچار پائیں جس میں آپ اس تذبذب کا شکار ہوں کہ کیا کیا جائے اور کیسے کیا جائے، تو جان لیں کہ یا تو کہیں ضابطہ اخلاق کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے یا اس کے کسی حصے پر عمل درآمد کے معاملے میں کوئی مسائل اور مشکلات درپیش ہیں۔ براہ کرم یہ جان لیں کہ ہم آپ کی مدد کے لئے حاضر ہیں۔ ہم درست کام کرنے میں آپ کی مدد اور تعاون کے لئے کمربستہ ہیں۔

براہ کرم آواز اٹھائیں، ہمیں اپنی کسی بھی تشویش اور تحفظات سے آگاہ کریں اور کسی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دیں۔ ہم ایک ایسا ماحول تشکیل دینے کے لئے پر عزم ہیں جہاں کھل کر اور دیانتدارانہ بات چیت ہی کی توقع ہو اور اس پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہ ہو۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ بہت آسانی اور اطمینان سے اپنے نگران، منیجر یا افرادی وسائل کے نمائندے سے رابطہ کر پائیں۔ مزید برآں، برانڈ سیف وے کا ایتھکس پوائنٹ ہاٹ لائن (''ہاٹ لائن'')، جہاں کہیں اس کی سہولت میسر ہو، دیانت داری سے متعلق مسائل اور خدشات کی اطلاع دینے کے لیے ایک رازدارانہ طریقہ فراہم کرتا ہے۔

ہمارے ضابطہ اخلاق کو پڑھنے اور سمجھنے کے لئے وقت دینےاور برانڈ سیف وے کی اقدار اور انڈسٹری کے اندر ہمارے اعلی ترین معیار کو قائم رکھنے کے لیے اپنے عزم سے جڑے رہنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ آیئے، ہم اپنی انڈسٹری میں تاریخ رقم کرنے کے لئے ساتھ مل کر کام کریں۔

**کارل فیسنڈن**
صدر اور چیف ایگزیکیٹیو آفیسر
برانڈ انڈسٹریل سروسز انکارپوریشن



# فہرست مندرجات


تعارف اور مقصد
آپ سے وابستہ توقعات
برانڈ سیف وے (BrandSafeway) کے قائدین سے وابستہ توقعات
جب دیانت داری سے متعلق کوئی معاملہ زیر غور آئے تو کیا ہوتا ہے
کاروبار کرنے کے لازمی طور طریقے
07

قوانین، اور قواعد و ضوابط پر عمل درآمد
معلومات کیسے رپورٹ کی جاتی ہیں
کمپنی کے اثاثہ جات اور املاک
17

برانڈ سیف وے کی برادری
ماحول، صحت اور تحفظ
عوام کے سامنے حقائق کا اظہار
استثنیٰ اور خلاصہ
23



# تعارف اور مقصد

**برانڈ** انڈسٹریل سروسز انکارپوریشن اور اس سے منسلک کمپنیاں (''BrandSafway'') ، اپنے ہر کام میں ایمان داری، منصفانہ برتاؤ، باہمی احترام اور بلند ترین اخلاقی معیار پر کاربند ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ دیانتداری کے اس جذبے کو اپنانے میں ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں اور ہمارے اصولوں پر مبنی اور اجتماعی شمولیت کے حامل ثقافت کی حمایت و معاونت کریں۔

ہماری ساکھ ہمارے روزمرہ کے معمولات و افعال اور برانڈ سیف وے کے لئے کام کرنے والے ہر شخص کے رویے سے بنتی ہے۔ لہٰذا ہمارا اپنے صارفین، سپلائرز، عوام اور ساتھی ملازمین کے ساتھ تعامل اور تعلق ہر قسم کی تحقیر و ملامت سے بالاتر ہونا چاہیۓ۔ اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ یہاں بیان کردہ اصول آپ کی اور ہر اس شخص کی فطرت ثانیہ بن جائیں، جو برانڈ سیف وے سے منسلک ہے۔

کاروباری ضروریات اور تجارتی کامیابی حاصل کرنے کے دباؤ سے قطع نظر، ہم آپ سے، برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کسی ملازم سے، یا کسی بھی اور شخص سے، جو کمپنی کے لئے کام کرتا ہو، کبھی بھی یہ توقع نہیں رکھیں گے کہ وہ کمپنی کے مفاد کو فروغ دینے کے لیے اپنی شخصی دیانتداری پر سمجھوتہ کرے۔ ایسا کوئی بھی سمجھوتہ بالآخر ہمارے بہترین مفادات کو زک پہنچائے گا۔

ہم چاہیں گے کہ آپ یہ سمجھ لیں کہ BrandSafway ضابطہ اخلاق ہر اس صورتحال سے نہ تو نمٹتا ہے اور نہ ہی نمٹ سکتا ہے کہ جس میں کاروباری اخلاقیات سے متعلق طرزِ عمل ہر ایک طور کے بارے میں کوئی اندیشہ یا سوال اٹھ سکتا ہو۔ یہاں پر دیے گئے اصول وسیع تر طور پر عمومی صورت حال پر اطلاق کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں۔ اگر کوئی ایسی صورت حال ابھرتی ہے کہ جو اس ضابطہ اخلاق کی حدود سے باہر ہو، یا آپ کو ان مقامی قوانین کے بارے میں جاننا ہو جن کا اطلاق آپ کے علاقے پر ہوتا ہو، تو براہ کرم رہنمائی کے لیے اپنے مینیجر، انسانی وسائل کے نمائندے یا یا چیف کمپلائنس آفیسر سے رابطہ ریں۔

برائے مہربانی نوٹ کریں: یہ ضابطہ اخلاق یا متعلقہ مکتوب کا کسی بھی قسم کی ملازمت کے کسی معاہدے یا مدت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

### برانڈ سیف وے (BrandSafway) ضابطہ اخلاق پر کس کو چلنا چاہیے؟

برانڈ سیف وے کے ضابطہ اخلاق کے تحت وضع کردہ اصولوں کا اطلاق، کسی بھی مقام یا عہدے سے قطع نظر، ان تمام افراد اور اداروں پر ہوتا ہے جو برانڈ سیف وے اور اس کے ذیلی اور منسلک اداروں کے لیے یا ان کی جانب سے کام کرتےہیں۔ اس ضابطہ اخلاق پر کار بند رہنا ہمارے ہر ملازم کی ذمہ داری ہے۔ ہے۔ برانڈ سیف وے کی نمائندگی کرنے والے فریقینِ ثالث، مثلاً کنسلٹنٹس، سیلز نمائندگان، تقسیم کنندگان اور خود مختار ٹھیکہ داران، ان سب پر لازم ہے کہ وہ اس ضابطے اور تعمیل کی ثقافت پر عمل کریں۔

برانڈ سیف وے کا چیف کمپلائنس آفیسر ضابطہ اخلاق کے نفاذ اور اس پر عمل درآمد کروانے کے انتظام و انصرام کا ذمہ دار ہے، جس میں درجِ ذیل ذمہ داریاں شامل ہیں:

- ضابطہ اخلاق، جہاں پر اس کا اطلاق ہوتا ہو، پر متواتر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی نگرانی کرنا اور اس کا مقامی قوانین کے مطابق اطلاق کرنا؛
- ضابطے کی اطلاع شدہ خلاف ورزیوں کی چھان بین اور اس کی نگرانی؛
- خلافِ عمل طرز عمل سے مناسب طور سے نمٹنا اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لئے کارروائی کرنا؛

- خلافِ عمل طرزِ عمل اور ضابطے کی خلاف ورزیوں پر انضباطی اقدامات کے نفاذ کو یقینی بنانا، جس میں خلاف عمل طرزِ عمل اور ضابطے کی خلاف ورزی کی صورت میں دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ، ملازمت سے معطلی اور برطرفی بھی شامل ہو سکتے ہیں؛
- کسی بھی منظور شدہ اور ضروری تربیتی پروگرام کی تنظیم و نگرانی جو ضابطے کے موضوعات کا احاطہ کرے؛ اور
- سوالات کے جواب دینا اور ملازمین اور اس ضابطے کے تحت آنے والے فریقانِ ثالث کو برانڈ سیف وے کے ضابطہ اخلاق پر رہنمائی فراہم کرنا۔

## برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ضابطہ اخلاق اور پالیسیوں کا اطلاق کہاں ہوتا ہے

برانڈ سیف وے کے ضابطہ اخلاق اور کمپنی کی پالیسیوں کا نفاذ ، قانون کے تابع،ہر اس جگہ ہوگا جہاں برانڈ سیف وے اپنی کاروباری سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔ چونکہ برانڈ سیف وے کا کاروبار پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے، اس لیے ہماری سرگرمیاں مختلف ممالک، حکومتوں، اور ایجنسیوں کے قوانین اور ضوابط کے مطابق انجام پاتی ہیں۔

مذکورہ ضابطے کے علاوہ ہر شخص اس بات کا ذمہ دار ہے کہ جہاں وہ کام یا کاروبار کرتا ہے، وہاں کے مقامی قوانین و ضوابط کے بارے میں آگاہی رکھے اور ان پر عمل کرے۔ آپ کو اس بات سے بھی آگاہ ہونا چاہیے کہ آپ کے مقامی کاروبار اور افعال پر بیرونِ ملک کے قوانین کا بھی اطلاق ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر برانڈ سیف وے کی بین الاقوامی سرگرمیاں یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ (U.S. Foreign Corrupt Practices Act) اور یو کے برائبری ایکٹ (U.K. Bribery Act) کے تحت آتی ہیں۔

اگر آپ کو کسی قانون کے بارے میں کچھ معلوم کرنا ہے، کہ جس کا اطلاق آپ کی سرگرمیوں سے متعلق ہے، تو آپ برانڈ سیف وے کے چیف کمپلائنس افیسر یا برانڈ سیف وے کے قانونی شعبے سے رابطہ کریں۔



# آپ سے وابستہ توقعات

**قوانین** کی پاسداری اور اخلاق طرزِ عمل پر مبنی ہماری ثقافت کا دراومدار اس بات پر ہے کہ برابڈ سیف وے کا ہر ملازم ضابطہ اخلاق کو کس حد تک سمجھتا اور اس پر عمل کرتا ہے۔ یہ بات انتہائی اہم ہے کہ ہماری دیانت داری پر مبنی ساکھ کو برقرار رکھنے میں آپ اپنے کردار کے بارے میں مکمل سمجھ رکھیں اور شفاف اور اجتماعی شمولیت کی ثقافت کی تشکیل میں ہماری مدد کریں۔

ہم برانڈ سیف وے کے ہر ملازم سے توقع رکھتے ہیں کہ:

### I. ہمارے ضابطے اور پالیسیوں کو سمجھے:

- وہ برانڈ سیف وے کے ضابطہ اخلاق کو پڑھے، سمجھے اور اس پر عمل کرے۔
- تمام لازمی اخلاقی اور عمل درآمد سے متعلق تربیتی پروگراموں میں شریک ہو۔
- اپنی ملازمت، کاروباری یونٹ اور مقام سے مخصوص پالیسیوں اور ضوابط سے خود کو روشناس کرے۔
- اگر ضابطہ اخلاق کے کسی پہلو پر وضاحت کی ضرورت ہو تو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورس کے نمائندے یا چیف کمپلائنس آفیسر سے مشاورت کرے۔

### II. دیانتداری کے ساتھ کام کریں:

- اپنی سرگرمیاں دیانت داری اور درست انداز سے سرانجام دیں۔
- اپنی شخصی دیانت داری پر کسی طور بھی سمجھوتہ نہ کریں۔، چاہے اس کے لیے آپ کو کسی نے ہدایات بھی دی ہو۔ کسی دوسرے فرد کی ہدایات پر عمل درآمد کرکے اس ضابطے کی خلاف ورزی کرنا کسی بھی طور قابل قبول نہیں۔
- کبھی بھی کسی کو بھی اس ضابطے یا کسی بھی قانون یا ضابطے کی خلاف ورزی کی درخواست نہ کریں۔
- اس ضابطے کو سمجھیں اور اس کی، کمپنی کی قابل اطلاق پالیسیوں، آپ کے شعبے کی مخصوص پالیسیوں اور نافذ شدہ قوانین و ضوابط کی پیروی کریں۔

### III. آواز اٹھائیں

- برانڈ سیف وے آپ کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ آپ بولیں اور دیانت داری سے متعلق کسی بھی تشویش کے بارے میں آواز اٹھائیں، یا اخلاقیات، خلاف ورزی یا ہراسانی کے بارے میں سوالات اٹھائیں، اور اس ضابطے اور دیگر نافذ شدہ قوانین، قواعد و ضوابط، اور ہماری پالیسیوں کی مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دیں۔
- برانڈ سیف وے کسی بھی شخص، جو دیانتداری سے متعلق کوئی معاملہ اٹھائے یا اس کے حل میں مدد دے، کے خلاف کسی بھی قسم کی مخاصمانہ کارروائی کی سختی سے ممانعت کرتا ہے۔ اگر آپ محسوس کرتے ہیں کہ کوئی معاملہ اٹھانے پر آپ کے خلاف جوابی کارروائی کی گئی ہے یا آپ سے ناانصافی برتی گئی ہے تو آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اس کی اسی طرح اطلاع دیں گے جیسے کہ آپ کسی بھی دیانت داری سے متعلق تشویش پر دیتے ہیں۔ مخاصمانہ کارروائی کے خلاف انضباطی کاروائی ہوگی، جس میں خطا وار کو، دیگر امور کے علاوہ، ملازمت سے معطل اور بے دخل بھی کیا جا سکتا ہے۔
- آپ کئی طریقوں سےدیانت داری سے متعلق اپنی تشویش کا اظہار کر سکتے ہیں۔ آپ وہ ذریعہ اور زبان استعمال کریں جو آپ کے لیے سب سے زیادہ پرسہولت اور صورتحال کے مطابق آپ کو مناسب لگے۔ اگرچہ زیادہ تر حالات میں آپ کا براہ راست نگران یا مینیجر یا ہیومن ریسورس کا نمائندہ دیانت داری سے متعلق آپ کی پیش کردہ تشویش کو حل کردے گا، مگر یہ آپ کے لیے واحد راستہ نہیں ہے، آپ کے پاس دیگر راستے بھی موجود ہیں۔ اطلاع دینے کے دیگر طریقوں میں سینئر مینجمنٹ، کمپنی آڈیٹرز، چیف کمپلائنس آفیسر، ہمارے بورڈ آف ڈائرکٹرز یا ہماری ایتھکس پوائنٹ ہاٹ لائن (EthicsPoint Hotline) شامل ہیں۔ ایتھکس پوائنٹ ہاٹ لائن (EthicsPoint Hotline) ۔پر اطلاع درج کرنے کی معلومات آپ کو آپ کے کام کے مقام سے مل سکتی ہیں۔

- آپ کی رازداری رکھی جائے گی۔آپ کی فراہم کردہ معلومات تک صرف ان افراد کی رسائی ہوگی، وہ بھی بحسبِ ضرورت، جو دیانت داری کے بارے میں اطلاع کردہ کی تحقیقات اور اس کے حل کے ذمہ دار ہوں گے۔
- آپ کی شناخت یا ذاتی معلومات کو سٹاف سے پوشیدہ رکھا جائے گا اور صرف اطلاع شدہ معاملے کی تفتیش پر مامور مجاز افراد کو ہی ان تک رسائی ہوگی۔
- جہاں ممکن ہو اور قانون اجازت دے، آپ ایتھکس پوائنٹ ہاٹ لائن کے ذریعے ایک مکمل طور پر گمنام اطلاع بھی درج کرسکتے۔ لیکن اس قسم کی گمنام اطلاع ہمارے لیے اس کی تفتیش کو مشکل بنا سکتی ہے۔ اگر آپ گمنام رہورٹ درج کرتے ہیں اور اپنی کوئی رابطے کی معلومات فراہم نہیں کرتے تو ہم ایتھکس ہاٹ لائن پر آپ کو اس اطلاع یا رپورٹ کی تفتیش کی پیش رفت سےآگاہ نہیں کرپائیں گے۔ مختلف ممالک میں دیانت داری کے بارے میں کسی تشویش کے بارے میں گمنام اطلاع دینے کے بارے میں مختلف قواعد ہیں۔ مثال کے طور پر کافی ممالک میں (خصوصی طور پر یورپی یونین کے ممالک میں) گمنام اطلاع درج کرنے پر پابندی ہے، اور یا گمنام اطلاع یا رپورٹ صرف اندرونی مالیاتی کنٹرول، اکاؤنٹنگ، بینکنگ، اور رشوت ستانی کے قوانین و ضوابط کی خلاف ورزی تک ہی محدود رکھی گئی ہے۔
- براہِ کرم، آگاہ رہیں کہ جان بوجھ کر جھوٹا الزام لگانا یا غلط معلومات فراہم کرنا انضباطی کارروائی کی بنیاد بن سکتا ہے، جس میں دیگر امور کے علاوہ، ملازمت سے معطلی، یا برخواستگی، اور/یا فوجداری،اور/یا دیوانی مقدمہ دائر کرنا بھی شامل ہو سکتے ہیں۔



# برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے قائدین سے وابستہ توقعات

**پاسداری** پر مبنی ثقافت کی تعمیر و تشکیل اور دیانت داری کے جذبے کو اپنانا برانڈ سیف وے (Brandsafway) کے ہر قائد کی ذمہ داری ہے۔ ہم برانڈ سیف وے (Brandsafway) کے ہر اس فرد، جو قیادت کا کردار ادا کرتا ہے، پر انحصار کرتے ہیں کہ وہ ہمارا رول ماڈل بن کر ہماری اعلیٰ اخلاقی معیار حاصل کرنے میں معاونت کرے۔۔ آپ خواہ آفیسر ہوں یا ڈائرکٹر یا نگران یا ایک چھوٹی ٹیم کے مینیجر، ہم ہر برانڈ سیف وے (Brandsafway) کے ہر قائدانہ کردار کے حامل فرد سے مندرجہ ذیل کی توقع رکھتے ہیں :

### I. مثالی قائدانہ کردار

- اپنے افعال اور رویے سے یہ دکھانا کہ دیانت داری عملی طور پر کیسے اپنائی جائے، اور اس ضابطے، پالیسیوں اور قانون کے مطابق کام سرانجام دینا
- ماتحتوں کی جانچ کے غرض سے قوانین و ضوابط کی پاسداری اور دیانت داری کو مد نظر رکھنا: اور
- اس امر کو یقینی بنانا کہ کاروباری نتائج کے حصول کے لئے دیانت داری کی روح یا مذکورہ ضابطے کی پاسداری، ہماری پالیسیوں اور قانون پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو۔

### II. پاسداری کا فروغ

- ایک ایسا ماحول قائم کرنا جس میں زیر نظر ضابطے کی خلاف ورزیوں کو سنجیدگی سے لیا جائے اور جس میں ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ کسی بھی مخاصمانہ کاروائی کے ڈر کے بغیر اپنے خدشات کھل کر بیان کر سکیں؛
- دیانت داری کے معاملے میں ملازمین کے ساتھ فعال مکالمہ و رابطہ قائم رکھنا، اور
- زیر نظر ضابطے اور ہماری پالیسیوں پر عمل درآمد سے متعلق ہماری توقعات اور اس ضابطے اور پالیسیوں میں کی جانے والی تبدیلیوں کے بارے میں ملازمین کو مطلع رکھنا اور ان کے ساتھ رابطے میں رہنا؛

### III. ملازمین کے خدشات کا جواب دینا

- ملازمین کے خدشات کو احترام دیں، ان کو سنجیدگی سے لیں اور ان کو فوری طور پر اور رازدارانہ طریقے سے حل کریں۔
- ملازمین کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ اس ضابطے، پالیسیوں اور قانون کی خلاف ورزیوں کی فوری اطلاع دیں۔ جن بڑوں کو خلاف ورزی کا علم ہو، ان کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اگر ملازم اسے رپورٹ نہ کرے تو اس خلاف ورزی کو مناسب طریقے سے رپورٹ کریں؛
- تفتیش ختم ہونے کے بعد منظور شدہ انضباطی کارروائی کی کرنا۔

### IV. جوابدہ ہونا

- برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے قائدین پالیسیوں کی بالا دستی اور اخلاقی رویے کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ کچھ ممالک میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے قائدین کے ماتحت ملازمین اگر زیر نظر ضابطے، ہماری پالیسیوں، اور قانون کی خلاف ورزی کریں تو ان قائدین ہی کو ذمہ دار ٹھہرایا جاتا ہے۔

# جب دیانت داری سے متعق کوئی معاملہ زیر غور آئے تو کیا ہوتا ہے

## I. تحقیقات

- ہم اس کوڈ کی مشتبہ خلاف ورزیوں سمیت دیانت داری کے تمام خدشات و سوالات کے بارے میں فوری طور پر تفتیش کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ شفاف اور کامیاب تحقیقات کے لیے لازم ہے کہ اس میں شامل ہر فرد کا تعاون اور رازداری حاصل ہو۔ اگر آپ کسی تفتیش کا حصہ ہیں یا تحقیقات کے سلسلے میں آپ سے پوچھ گچھ ہوتی ہے تو ہمیں اس قابل ہونا چاہیے ہم آپ کی ایمان داری، دیانت داری اور رازداری پر اعتماد کرسکیں۔

- چیف کمپلائنس آفیسر کا کردار۔ چیف کمپلائنس آفیسر دیانت داری کے خدشات اور و شکایات کی تفتیش کا ذمہ دار ہے اور تفتیش کے کچھ حصوں کی ذمہ داری دوسروں کو تفویض بھی کر سکتا ہے۔ تحقیقات سے متعلق معلومات صیغہ راز میں رکھی جائیں گی۔ اگر کوئی قانونی ضرورت ہو تو برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی قانونی ٹیم کے مشورے پر، یا جس طرح مناسب ہو، چیف کمپلائنس آفیسر زیر تفتیش معاملے کی رپورٹ ان بیرونی مجاز حکام یااندرونی طور پر دیگر حکام کو دے سکتا ہے، جنہیں ان معلومات کی ضرورت ہو۔ چیف کمپلائنس آفیسر کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ تسلسل سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کو تحقیقات کے مراحل اور قابل اطلاق رجحانات کے بارے میں آگاہ رکھے۔

- ہمارے ملازمین کا کردار۔ اس ضابطہ کے موثر نفاذ کے لئے ملازمین کا تعاون اور تفتیش کو صیغہ راز میں رکھنا ضروری ہے۔ تمام ملازمین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دیانت داری سے متعلق کسی بھی خدشے یا سوال کی تحقیقات میں مدد دیں گے اور تحقیقات کی رازداری برقرار رکھیں گے۔

## II. زیر نظر ضابطے کی خلاف ورزیوں پر سزائیں

ہم اس ضابطہ کو بہت سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ضابطہ کی خلاف ورزی مقامی قوانین کے تحت کسی بھی انضباطی کارروائی کے لئے بنیاد ہو سکتی ہے۔ اس کاروائی میں ملازمت سے معطلی اور برطرفی اور / یا مناسب فوجداری اور/ یا دیوانی کاروائی، یا اس کے علاوہ بھی کاروائی، شروع کی جا سکتی ہے۔ جہاں اور جب مناسب ہو، ضابطہ کی خلاف ورزیوں کو تفتیش، قانونی چارہ جوئی، یا تادیبی کاروائی کے لئے متعلقہ حکام کو بھیجا جاسکتا ہے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو اس ضابطہ کی خلاف ورزی پر مقامی قوانین کے تحت بھی سزا دی جاسکتی ہے۔ مثال کے طور پر:

- اس ضابطہ کی خلاف ورزیوں کا اختیار دینا یا ان میں حصہ لینا؛
- تفتیش کے دوران جان بوجھ کر معلومات کے حصول کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا یا غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کرنا؛
- ماتحتین کی مناسب نگرانی میں ناکامی کی وجہ سے اس ضابطے کی ہونے والی خلاف ورزیاں؛ اور
- کسی شخص کے خلاف، جو دیانت داری کے بارے میں کوئی خدشہ یا سوال اٹھائے، مخاصمانہ یا انتقامی کاروائی کرنا۔



# کاروبار کرنے کے لازمی طور طریقے

**بطور** کمپنی ہماری شناخت کا ذریعہ ہمارے کاروبار کرنے کا طریقہ ہے۔ ہمیں ہمیشہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے صارفین، رسد کنندگان، مسابقت کاروں، اور ملازمین کے ساتھ ایمان د اری، شفافیت، اور دیانت داری کے ساتھ پیش آنا چاہیے۔ برانڈ سیف وے کی نمائندگی کرتے ہوئےدوسروں سے فائدہ اٹھانے کے لیے ہیرا پھیری، حقائق چھپانا، خاص معلومات کا غلط استعمال،،حقائق کی غلط بیانی، یا کسی اور غیر شفاف طریقے کا استعمال نہیں کیا جائے گا۔

## I. سماجی ذمہ داری

برانڈ سیف وے (BrandSafway) ایک اچھے کارپوریٹ شہری کی حیثیت سے اپنے کردار کو جانتا اور اس پر یقین رکھتا ہے اور بنیادی انسانی حقوق کی حمایت کرتا ہے۔ برانڈ سیف وے غیر قانونی امتیازی سلوک اور انسانی سمگلنگ سمیت انسانی حقوق کو پامال کرنے والے کاروباری طریقوں سے بچنے کے پختہ عزم پر قائم ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں اپنے کارکنوں کی فلاح و بہبود، ماحولیات، تحفظ اور صحت جیسے امور کو احتیاط سے چلانا اور مقامی آبادیوں پر ہماری سرگرمیوں کے ممکنہ اثرات کے بارے میں مکمل باخبر رہنا ہے۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) ملازمین کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، اگرچہ اسے لازم قرار نہیں دیتا، کہ وہ اپنی مقامی آبادی میں سماجی بہبود کی سرگرمیوں یا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیں، لیکن یہ سرگرمیاں ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو متاثر نہ کریں۔ تاہم اپنی مقامی آبادی میں سرگرم ہونے یا مالیاتی بہبود یا سیاسی سرگرمیوں میں وقت یا مالیاتی شمولیت کے لیے کسی بھی ملازم پر دباؤ نہیں ڈالا جائے اور نہ ہی اسے ضروری سمجھا جائے۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی مالیات یا اثاثوں کا مالیاتی امداد یا سیاسی مقاصد کے لیے استعمال صرف کمپنی کی اطلاق کردہ پالیسیوں کے مطابق کیا جائے۔

## II. ٹھیکہ داران اور رسد کنندگان سے معاملات

مارکیٹ کے اندر برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کاروباری معاملات کو پسند ناپسند یا نامناسب اثر و رسوخ کی نمائش کی نظر نہیں کیا جا سکتا۔ ٹھیکیداروں اور رسد کنندگان کا انتخاب واضح اور بامقصد طریقہ کار کی بنیاد پر ہونا چاہئے۔ متعلقہ نکات میں قیمت، اشیا اور خدمات کا معیار، ترسیل کا نظام الاوقات، اخلاقی طرز عمل اور عمدہ صحت کا معیار، تحفظ اور ماحولیاتی معیار شامل ہیں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) ا کومید ہے کہ اس کے ٹھیکیدار ان، رسد کنندگان، کارندے، اور نمائندے اس ضابطہ، اطلاق شدہ قوانین،اور برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی دیگر متعلقہ پالیسیوں عمل درآمد کریں گے۔

## III. ناجائز ادائیگیاں، بد عنوانی اور رشوت ستانی

کوئی بھی ناجائز ادائیگی جیسے رشوت، کسی سہولت کے حصول کے لیے ناجائز ادائیگی، غلط بخشش یا تحائف، جن کا مقصد کسی بھی صورت حال میں کوئی فائدہ اٹھانا مقصود ہو، کسی بھی حال میں کبھی بھی قابل قبول نہیں ہیں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) سرکاری اور نجی دونوں شعبوں میں دنیا بھر کے ہر ملک میں کاروباری معاملات میں غیر مناسب اور غلط ادائیگیوں پر واضح طور پر پابندی عائد کرتا ہے۔ غیر مناسب ادائیگیوں میں کسی سہولت کے حصول کے لیے غلط اور ناجائز ادائیگیاں شامل ہیں، جن کا مقصد کچھ معاملات میں سہولت کا حصول ہوتا ہے۔ یہ ادائیگیاں عام طور پر حکومتی اداروں کے ساتھ معاملات میں سہولت حاصل کرنے یا دینے کے لیے طے پاتی ہیں، قطع نظر اس بات کے کہ ایسی کوئی ادائیگی قانونی ہے یا اس متعلقہ مقامی ماحول یا روایت کا ایک حصہ ہے۔

نامناسب یا غلط ادائیگیوں کو ان مناسب اور محدود تحائف، کاروباری تفریح ،اور گاہکوں کے سفر اور رہائش کے اخراجات کے ساتھ نہیں ملانا چاہیے جن کا مقصد برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کاروبار کا فروغ ہو، سوائے ان حالات کے کہ اگر فائدہ اٹھانے والے سے متعلق کوئی ایسی پالیسی ہو جو اس پر پابندی لگائے۔ اس ضابطہ کے تحت اور کمپنی کسی بھی پالیسی یا، کاروباری یا علاقائی پالیسیوں، مثلاً سفری اور تفریحی پالیسی یا کاروباری اخراجات کی واپس ادائیگی کی پالیسی کے تحت یہ آئٹم قابل قبول ہیں۔ یاد رکھیں، کاروبار میں کاروبار حاصل کرنے کی غرض سے ذاتی لالچ کے تحت کسی بھی چیز کی پیش کش یا انتظام کرنا سختی سے ممنوع ہے۔

قانونی اور مقامی طور کو مد نظر رکھتے ہوئے خدمات کے بدلے بخشش یا انعام دیا جاسکتا ہے، تاہم آپ کو اس معاملے میں انتہائی محتاط رہنا ہوگا کہ اس قسم کی ادائیگیوں یا بخشش کو رشوت نہ سمجھا جائے۔ کسی فیس یا کمیشن کی ہرگز ادائیگی نہ کی جائے اگر اس رقم یا اس کی ادائیگی کے طریقے کو رشوت سمجھا جائے۔ تمام ادائیگیاں صاف اور درست طور پر برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے بہی کھاتوں میں درج ہونی چاہئیں۔ اگر کسی حالات کے تحت کسی بھی ادائیگی کی درخواست کی جائے جس کے مبہم ہونے کے بارے میں آپ کو یقین ہے تو آپ کو اپنے مینیجر یا چیف کمپلائنس آفیسر سے رہنمائی لینا چاہئے۔

آپ کو ملازمت کے لیے غور و خوص میں لانے، بھرتی کرنے، ترقی دینے، تبادلہ کرنے، یا ملازمت جاری رکھنے کے بارے میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) آپ سے کبھی بھی کوئی فیس یا فائدہ طلب نہیں کرے گا۔ ملازمت پر غور کرنے کے بدلے کسی سے بھی کوئی فیس یا فائدے کی درخواست کرنا اس ضابطہ کی خلاف ورزی ہے اور اسے ضابطہ کی خلاف ورزی کے طور پر رپورٹ کیا جانا چاہئے۔

## IV. مفادات کا ٹکراؤ

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےملازمین کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ ان کی ذاتی اور دیگر پیشہ ورانہ سرگرمیاں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے لیے انجام دی جانے والی ان کی اپنی ذمہ داریوں سے متصادم نہ ہوں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازم کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر اس سرگرمی سے اجتناب کرے جو مفادات کے ٹکراؤ کا باعث ہو یا اس قسم کا کوئی تاثر دے۔

''مفادات کاٹکراؤ'' اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کسی بھی طورکسی فرد کے ذاتی مفادات برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے مفادات میں کوئی مداخلت پیدا کرتے ہیں یا اس سےمطابقت نہیں رکھتے ۔ جب کوئی ملازم، افسر، یا ڈائریکٹر کوئی بھی ایسا کام کرتا ہے یا کوئی بھی ایسا مفاد رکھتا ہے جو اس کے اپنے کام کے مقصد اور موثر کارکردگی سے مطابقت نہیں رکھتا ہے تو، مفاد کا تنازعہ پیدا ہو سکتا ہے۔ مفاد کے ممکنہ ٹکراؤ میں یہ ممکنات شامل ہیں، مگر ممکنات کی حد ان تک ہی محدود نہیں:

- آپ کے اپنےذاتی یا مالی مفادات کے معاملات میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے نمائندے کے طور پر اپنے آپ کو پیش کرنا؛
- کاروبار کا رخ ان رسد کنندگان کی جانب موڑنا جہاں آپ کا یا آپ کے خاندان کا ذاتی یا ملی مفاد ہو، سوائے اس پبلک کمپنی کے جہاں 1% سے کم سرمایہ کاری کی گئی ہو؛
- ذاتی فوائد یا تحائف کی جستجو، جو گاہکوں، ٹھیکہ داران یا رسد کنندگان کی جانب سے یا ان کے حق میں کام کرتے ہوئے آپ کے کاروباری فیصلہ سازی پر اثر انداز ہو؛
- اپنے نامناسب مفادات کے حصول کے لیے برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے وسائل، اپنے رتبے،یا اثر و رسوخ کا غلط استعمال کرنا؛
- برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے مدمقابل کے ساتھ مقابلہ کرنا یا اس کی جانب سےکام کرنا۔
- اندرونی تجارت میں دوسری ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا ؛جن میں آپ کی ذاتی مفادات برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےخصوصی مفادات سے آپ کی توجہ ہٹائیں۔

جب تک باقاعدہ خصوصی منظوری نہ ملے،مفادات کے ٹکراؤ سے لازم گریز کرنا چاہئے۔ جب اس بارے میں شبہ ہو کہ آیا کوئی معاملہ مناسب ہے یا کسی ٹکراؤ کا امکان ہے تو اپنے منیجر یا چیف کمپلائنس آفیسر سے مشورہ کریں۔ ان تمام حالات اور معاملات کا احاطہ کرنا مشکل ہے جن کو مفادات کا ٹکراؤ سمجھا جا سکتا ہے۔ مبہم عوامل کو کسی مخصوص صورت حال کے تحت مکمل طور پر مدنظر رکھ کر سمجھا جائے گا۔ جہاں مفاد کے ٹکراؤ کا قطعی امکان موجود ہو، ملازم کو اس ٹکراؤ کو درست کرنے کے لئے مناسب وقت دیا جائے گا۔ کچھ حلقوں میں لاگو قانون کے تحت مفادات کے کچھ ٹکراؤ یا تنازعات ممنوع ہیں اور ملازمین کو ایسی کوئی سرگرمی سرانجام نہیں دینا چاہئے جس کے نتیجے میں اطلاق شدہ قانون کی خلاف ورزی ہو سکے۔

## V. ممکنہ مفادات کے ٹکراؤ کا اعتراف

اگر کوئی ملازم کسی ایسے کاموں یا یا تعلقات میں میں مصروف عمل ہے جن کے نتیجے میں مفادات کا ٹکراؤ ممکن ہے تو اسے اس ممکنہ ٹکراؤ کا اسی وقت اعتراف کرنا چاہیے جس وقت یہ معاملہ مینیجمنٹ کے جائزے اور منظوری کے لیے پیش کیا جائے، تاکہ برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے بہترین مفادات کا تحفظ ہوسکے۔ اعتراف تحریری طور پر پیش کیے جائیں گے اگر ان کے لیے اس قسم کی تحریری درخواست کی گئی ہو۔

## VI. بیرونی ملازمت

کل وقتی ملازمین کے لئے اضافی یا ثانوی ملازمت کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے اور یہ غیر قانونی بھی ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ساتھ روزگار کا کوئی معاہدہ ہے تو یہ خاص طور پر اضافی یا ثانوی ملازمت کو روکتا ہے۔

اگر اضافی یا ثانوی ملازمت معاہدے کی رو سے ممنوع یا غیر قانونی نہیں ہے، تو اس کی اجازت ہے، بشرطیکہ یہ اضافی یا ثانوی ملازمت برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ساتھ آپ کی ذمہ داریوں میں حرج پیدا نہ کرتی ہو یا اس سے برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے مفادات کو کوئی خطرہ یا ٹکراؤ پیدا ہونے کا خدشہ نہ ہو۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کل وقتی ملازمین کبھی بھی مدمقابل،رسد کنندگان یا برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے صارفین کے لئے کام نہیں کر سکتے ۔ اگر آپ کے پاس اضافی یا ثانوی ملازمت ہے تو براہ کرم اس کے بارے میں انتظامیہ کے متعلقہ اہلکاروں کو مطلع کریں۔

VII. بیرونی مفاد

برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے وہ ملازمین جو کہ کسی تیسرے فریق کے ساتھ لین دین کے لئے ذمہ دار ہیں، انہیں ایسی کمپنیوں یا کاروباری اداروں میں کسی قسم کی معاشی دلچسپی رکھنے سے منع کیا گیا ہے جس کے ساتھ برانڈ سیف وے( BrandSafway ) معاملات رکھتا ہے یا ان سے مسابقت ہے۔ پبلک ٹریڈ کمپنیوں میں حصص داری کو خلاف ورزی نہیں سمجھا جاتا بشرطیکہ اس حصص داری کی قدر اس حد تک نہ ہو کہ وہ مذکورہ ملازم کے برانڈ سیف وے( BrandSafway ) کے معاملات میں اس کی فیصلہ سازی پر اثرانداز ہو۔

VIII. بیرونی ڈائرکٹر شپس

ہمارے ملازمین کو کسی دوسرے منافع بخش ادارہ کے لیے بطورڈائریکٹر یا ٹرسٹیز یا کنسلٹنٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دینے سے منع کیا گیا ہے (سوائے غیر منافع بخش یا رفاعی اداروں کے) جب تک کہ وہ چیف کمپلائنس آفیسر سے پیشگی تحریری منظوری حاصل نہ کریں، اور اس منظوری کو بلاوجہ یا متنازعہ طور پر روکا نہیں جائے گا۔

IX.کارپوریٹ مواقع

ملازمین کی ذمہ داری ہے کہ جب بھی کوئی موقع آئے تو وہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے مفادات کو آگے بڑھائیں۔ ملازمین پر درجِ ذیل کی ممانعت ہے:

- کارپوریٹ املاک، معلومات،یا رتبے کی وجہ یا استعمال سے ملنے والے مواقع کو اپنے لیے استعمال کرنا؛
- کارپوریٹ املاک، معلومات یا،رتبے کا اپنے ذاتی مفادات کے لیے استعمال۔

X. تحائف،بے جا فائدہ، اور تفریح

کاروباری تحائف، غلط فوائد اور تفریح کا حصول معقول اور بامقصدکاروباری تعلقات کی راہ میں رکاوٹ پیدا کر سکتے ہیں, اور ان معاملات میں انتہائی احتیاط کی ضرورت ہے۔۔ اگر قانون یا ضابطے کے ذریعہ ممانعت نہ بھی ہو تب بھی، کوئی افسر، ڈائریکٹر، یا ملازم کسی فریق ثالث سے یا فریق ثالث کو کوئی بھی اس قسم کے بے جا تحائف، غیرمعمولی مہمان نوازی، پرتعیش تفریح ، یا دوسرے بے جا فوائد حاصل کرے گا اور نہ دے گا جو کہ کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر ہوں، خواہ وہ نقدی کی صورت میں ہوں یا نقدی کے مساوی کسی صورت، کہ جس سے وصول کنندہ فریق کے کاروباری فیصلے پر اثرانداز ہونے کا تاثر قائم ہو۔

سرکاری عہدیداروں کے لئے تحائف اور تفریح کے ذرائع و مواقع کو قانون یا ضابطے کے ذریعہ ممنوع قرار دیا جاسکتا ہے اور یا ان پریا پابندی عائدہو سکتی ہے۔ براہ کرم کسی سرکاری عہدیدار کو تحفہ دینے یا کوئی تفریحی دعوت دینےے پہلے چیف کمپلائنس آفیسر سے مشورہ کریں۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے خرچے پر کسی کو درجِ ذیل شرائط کے تحت پر تحائف، فوائد اور تفریح مہیا کی جاسکتی ہے:

- وہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے رائج کاروباری طریقوں سے ہم آہنگ ہوں اور کمپنی کے بہی کھاتوں اور ریکارڈ میں مناسب طریقے سے درج ہوں؛
- ان کی مالیت مناسب اور محدود ہو اور وہ ایسی شکل میں ہوں کہ انہیں رشوت یا غلط ادائیگی نہ سمجھا جائے؛
- وہ قابل اطلاق مقامی قانون یا رائج الوقت اخلاق یا معاشرتی معیار کے منافی نہ ہوں؛ اور
- وہ حقائق کے اعتراف عام پر، بشمول وصول کنندہ کی شناخت،کسی کے لیے بھی شرمندگی کا باعث نہ ہوں۔

XI.قرضہ جات

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی جانب سے کمپنی کے کسی بھی ملازم کو مالیاتی قرض دینے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا اس کے نامزد کردہ شخص سے پیشگی منظوری حاصل کرنا ہوگی۔

# قوانین، اور قواعد و ضوابط پر عمل درآمد

**برانڈ** سیف وے (BrandSafway) آزادانہ، منصفانہ اور اخلاقی کاروباری طور طریقوں پر چلنے اور تمام لاگو شدہ قوانین پر عمل داری کے لئے پرعزم ہے۔ لاگو شدہ قوانین پر عمل درآمد میں ناکامی کاروباری چال میں تاخیر کا سبب بن سکتی ہے، ہماری ساکھ کو نقصان پہنچا سکتی ہے اور برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے خلاف فوجداری اور دیوانی جرمانوں اور / یا اسے برآمدات کے خصوصی حق سے محروم کرنے کا سبب بن سکتی ہے۔ یہ بھی نوٹ کرنا ضروری ہے کہ آپ پر، بشمول برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کسی بھی ملازم کے، لاگو شدہ قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے یا فوجداری مقدمے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان تمام وجوہات کی بنا پر یہ لازم ہے کہ آپ لاگو شدہ قوانین اور قواعد و ضوابط سے آگاہ ہوں اور ان پر عمل درآمد کریں۔

## I. مسابقت اور اجارہ داری کے قوانین

مقابلہ اور اجارہ داری کے بارے میں قوانین آزادانہ کاروبار کی حفاظت کرتے ہیں اور ایسے کسی بھی طرزِ عمل کی ممانعت کرتے ہیں جس سے تجارت محدود ہوتی ہو یا منصفانہ مسابقت کے راستے میں رکاوٹ آتی ہو۔ ان قوانین کا اطلاق ہمارے کاروبار کی ہر سطح پر ہوتا ہے۔ یہ قوانین منڈی کی طاقت کے غلط استعمال، اپنی مرضی سے قیمتوں کے تعین، منڈی کی اپنی مرضی کے مطابق تقسیم یا بولی میں ہیرا پھیری جیسے عوامل کی سرکوبی کرتے ہیں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو ہمارے حریفوں کے ساتھ کسی بھی قسم کے معاملات طے کرنے یا مفاہمت کرنے سے سختی سے منع کیا جاتا ہے۔ ہماری خدمات یا مصنوعات کی قیمتوں کا تعین، منڈیوں، علاقوں یا صارفین کااختصاص، مخصوص صارفین یا رسدکنندگان سے قطع تعلق، پیداوار کو محدود کرنا یا اسے حد میں رکھنا، یا کسی اور طریقے سے تجارت کے راستے میں رکاوٹ پیدا کرنا یا تجارت کو روکنا یا مفادپرستانہ یا مسابقت کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیاں جو قانوناً ممنوع ہیں، جیسے عوامل و افعال میں ملوث ہونے پر کمپنی اور کمپنی کے ملوث ملازمین کو کڑی سزائیں مل سکتی ہیں، جن میں بھاری مالی جرمانے اور قید شامل ہیں۔

## II. تجارتی کنڑول، پابندیوں اور انسدادِ بائیکاٹ قوانین

بہت سارے ممالک جہاں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کام کرتی ہے، وہاں درآمدات اور برآمدات کو منظم کرنے کے / یا معاشی پابندیوں یا معاشی بائیکاٹ سے نمٹنے والے قوانین موجود ہیں۔ برآمدی کنڑول اور درآمد کے قوانین پر عمل درآمد کرنے کے لیے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ آپ کون سی اشیاء بھیج رہے / وصول کررہے ہیں، آپ کس کو بھیج رہے ہیں / وصول کررہے ہیں اور کھیپ کس جگہ جائے گی۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کوکسی بھی ایسے شخص یا ادارےکے ساتھ کاروبار یا مالی لین دین کرنے سے منع کیا گیا ہے جس کانام لاگو شدہ ممنوعہ فریق کی فہرست یا پابندیوں کے فہرست میں میں شناخت شدہ ہے۔ انسدادِ بائیکاٹ قوانین کمپنیوں اور افراد کو کسی بھی ایسی پابندی یا بائیکاٹ میں شریک ہونے سے منع کرتے ہیں جس کی متعلقہ ملک میں ممانعت ہو۔ بائیکاٹ کی درخواستیں متعدد صورتوں میں سامنے آسکتی ہیں، لیکن اکثر صورتوں میں یہ بولیوں، معاہدات کے مسودوں، خریداری کے آرڈر، خطوط، اور شپنگ دستاویزات یا ہدایات کی دعوت ناموں میں دیکھی جاسکتی ہیں۔ کچھ بائیکاٹ یا قطع تعلق کی بعض درخواستیں بالکل واضح ہوتی ہیں جب کہ کچھ اتنی واضح نہیں ہوتیں۔

## III. سرکار اور سرکاری نمائندوں سے معاملہ سازی

برانڈ سیف وے (BrandSafway) قومی حکومتوں یا حکومت کے زیر انتظام کاروباری اداروں کے ساتھ کاروبار کر سکتا ہے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو حکومتی نمائندوں سےہر تعامل و میل جول میں اعلی اخلاقی معیار کا کو اپنانا ہوگا اور ان تمام اطلاق شدہ قوانین اور قواعد و ضوابط پر، جن کا سرکاری اہلکاروں سے میل جول کے معاملات سے تعلق ہے، عمل درآمد کرنا ہوگا۔ ان قوانین اور قواعد و ضوابط میں برطانیہ انسدادِ رشوت ایکٹ (UK Bribery Act ) اور غیر ملکی بدعنوانی پریکٹس ایکٹ (FCPA) بھی شامل ہیں۔ ان قوانین اور قواعد و ضوابط کے تحت کاروبار حاصل کرنے یا کاروبار چلانے کے لیے بیرونی حکومتی عہدے داروں یا سیاسی عہدے داروں کو بلا واسطہ یا بالواسطہ کوئی بھی قیمتی شے دینے سے منع کیا گیا ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے باہر کاروبار کرنے والے برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےملازمین کو برطانیہ انسدادِ رشوت ایکٹ (UK Bribery Act ) اور غیر ملکی بدعنوانی پریکٹس ایکٹ (FCPA) میں دی گئی درکار ضروریات کے بارے میں لازم آگاہی ہونی چاہیے۔

کسی بھی ملک کے قانون سازوں، انضباطی اداروں، سرکاری عمل داروں یا دیگر سرکاری عہدیداروں، سیاسی جماعتوں، پارٹی عہدیداروں یا سیاسی امیدواروں کے ساتھ معاملات طے کرتے وقت برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کسی بھی کاروبار کے حصول، برقرار رکھنے، یا اسے کوئی خاص رخ دینے کی غرض سے کوئی بھی ایسا طرز عمل نہیں اپنائیں گے اور کسی بھی ایسے فرد یا اس سے متعلقہ افراد پر ان کے فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں کسی بھی ناجائز اقدامات کے ذریعے، یا درکار اقدامات سے احتراز کے ذریعے یا کسی بھی اور طریقے سے طرح سے اثراندا زنہیں ہوں گے۔ عام اصول کے تحت کسی بھی قانون ساز، عدالتی،یا کسی سرکاری عہدیدار کو کسی بھی قسم کی کوئی او ائیگی، تحائف یا قیمتی اشیاء کسی بھی وجہ سے نہیں دیئے جائیں گے۔ یہ عمومی دستور ہر جگہ لاگو ہوگا، تاہم کچھ ممالک کے حکومتی یا نیم سرکاری عہدے داروں کو اس قسم کی ادائیگیاں، کہ جن کا مقصد ان کی باقاعدہ فرائض اور ذمہ داریوں کی انجام دہی میں تیزی لانا مقصود ہو اور جہاں یہ ادائیگیاں وہاں کے دستور اور قانون کے مطابق ہوں، ان میں کوئی حرج نہیں۔ بشرطیکہ ان کا مقصد کاروبار کا حصول یا یا کاروبار کا جاری رکھنا نہ ہو۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) توقع کرتا ہے کہ اس کے فریق ثالث کے ہرکارے، تقسیم کنندگان، اور نمائندے برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی نمائندگی کرتے وقت ضابطہ ہذا اور ہماری پالیسیوں کی تعمیل کریں گے۔

## IV.اندرونی معلومات، اندرونی تجارت اور ٹپنگ

''اندرونی تجارت'' کے قوانین ایسے افراد کے ذریعہ سیکیورٹیز کی خریداری اور فروخت پر پابندی لگاتے ہیں جو کسی کمپنی کے بارے میں مخصوص اور غیر عوامی مخصوص معلومات تک رسائی رکھتے ہوں۔ اس کے علاوہ ان قوانین کے تحت کمپنی کے بارے مخصوص اور غیر عوامی معلومات کے ان افراد پرانکشاف پر بھی پابندی ہے کہ جو کمپنی کی سیکیورٹیز کی خرید و فروخت کرتے ہیں۔ لین دین کے اس قسم کے معاملات عام طور پر ''اندرونی تجارت'' یا ''ٹپنگ (Tipping) کہلاتے ہیں'' ۔ اندرونی تجارت میں یا ٹپنگ کرنے پر برانڈ سیف وے (BrandSafway) اور اس قسم کی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو سنگین فوجداری اور دیوانی مقدمات کا سامنا ہوسکتا ہے، جن کے نتیجے میں بھاری ہرجانوں، جرمانوں، اور قید کی سزائیں ہوسکتی ہیں۔

کمپنی کا کوئی بھی ملازم، جسے ان مخصوص اور غیر عوامی معلومات کی خبر ہو، وہ کمپنی کی سیکیوریٹیز کی خرید و فروخت نہیں کرسکتا، چاہے وہ یہ خریدو فروخت براہ راست کرے یا خاندان کے کسی فرد، یا دیگر اشخاص، یا کسی اور ذریعے سے کرے (ماسوائے اس بات کے کہ اس قسم کی کسی خرید و فروخت سیکیوریٹیز ایکسچینج ایکٹ 1934، ترمیم شدہ، کے قاعدہ 10 بی 1-5 کے تحت پہلے سے منظور شدہ خرید و فروخت کے کسی منصوبے کے تحت ہو)۔ اس قسم کا کوئی بھی ملازم ان مخصوص غیر عوامی معلومات کو اپنے ذاتی فائدے کے لیے استعمال نہیں کرسکتا یا کمپنی سے باہر کسی کو یہ معلومات مہیا نہیں کرسکتا، چاہے وہ اس کے خاندان کے افراد ہوں یا دوست اور جاننے والے ہوں۔ اس کے علاوہ، برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کسی بھی ملازم کو اگر اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے کسی ایسی کمپنی جو کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ساتھ کام کررہی ہو، جیسے کہ کوئی گاہک یا رسد کنندہ، کی مخصوص اور غیر عوامی معلومات تک رسائی یا علم ہوجائے تو وہ مذکورہ کمپنی کی سیکیوریٹز کی خرید و فروخت میں کسی طور شامل نہیں ہوسکتا، سوائے اس وقت کے جب مذکورہ معلومات مخصوص نہ رہیں اور عوامی ہوجائیں۔ معلومات اس وقت تک''غیر عوامی'' ہیں جب تک وہ موجودہ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کے لئے دستیاب نہ ہوں. عوامی ہونے سے مراد یہ ہے کہ یہ معلومات کو کسی پریس ریلیز میں جاری کی جائیں یا موجودہ اور ممکنہ سرمایہ کاروں کے لئے دستیاب پلیٹ فارم پر شائع کی جائیں۔ ''مخصوص یا ٹھوس معلومات'' میں اہم منڈیوں، فروخت اور آمدنی کے اعدادوشمار، بڑے معاہدات، انتظامیہ میں تبدیلی، ریگولیٹری اور قانونی پیش رفت، اور کاروباری اداروں کی خریداری اور انضمام کے منصوبے شامل ہیں۔



# معلومات کیسے رپورٹ کی جاتی ہیں

### I. دستاویزات اور ریکارڈز

ہمارے کاروباری ریکارڈ، رپورٹس اور ٹیکس گوشوارے درست، سچائی کے ساتھ،اور مکمل طور پر تیار کیے جانے چاہئیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمیں آپ سے یہ مطلوب ہے کہ آپ کاروبار سے متعلق تمام معلومات کو دیانت داری اور مکمل طور پر رپورٹ اور ریکارڈ کریں۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) ملازمین کو یہ یقینی بنانا ہو گا کہ:

- تمام بلوں کی ادائیگیاں، دیگر ادائیگیاں،یا دیگراکاؤنٹنگ یا داخلی لین دین گاہک کے معاہدوں اور منظوری کے طریقہ کار کے مطابق ہیں۔
- کسی بھی مقصد کے لئے کوئی بھی چھپا ہوا یا غیر ریکارڈ شدہ فنڈ یا اثاثہ قائم نہیں کیا گیا ہے۔
- ادائیگی کےکسی بھی کھاتے سے چیک کے علاوہ کسی اور طریقے سے کوئی بھی رقم نہیں نکالی جاسکتی ماسوائے ان قابل قبول اور روایتی طریقوں کے جو کہ بڑے بینک استعمال کرتے ہیں،اور انہیں بھی صرف مجاز ملازمین استعمال کرسکتے ہیں۔
- کوئی بھی چیک ''کیش'' یا ناقابل شناخت وصول کنندہ کے نام جاری نہیں کیا جائے گا۔
- برانڈ سیف وے (BrandSafway) یا اس کے کسی بھی ذیلی ادارے کے بہی کھاتوں یا ریکارڈ میں کسی بھی وجہ سے کوئی غلط یا جعلی اندراجات نہیں کیے جائیں گے اور کوئی بھی ملازم اس قسم کے اندراج کی کسی قسم کی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے گا۔
- ایسی کوئی بھی ادائیگی منظور نہیں کی جائے گی اور نہ ہی کی جائے گی اگر یہ سمجھا جائے کہ مذکورہ ادائیگی کا کوئی حصہ اس مقصد کے علاوہ استعمال ہوگا جس کا مذکورہ ادائیگی کی منسلک دستاویزمیں ذکر ہے۔
- دستاویزات اور ریکارڈ کو ریکارڈ رکھنے کی لاگو پالیسیوں کے مطابق رکھا جائے گا۔

### II. اکاؤنٹنگ کے طریقہ کار اور کنٹرولز

مالیاتی لین دین کی تخلیق یا ریکارڈ کرنے پر مامور ملازمین اس بات کو یقینی بنانےکے ذمہ دار ہیں کہ تمام لین دین کو فوری طور پر درست اور مکمل طور پر ہمارے بہی کھاتوں اور ریکارڈ میں درج کیا جائے، مالیاتی گوشواروں کوبرانڈ سیف وے (BrandSafway) کی مالیاتی اوراکاؤنٹنگ کی پالیسی یا آپ کے خطے یا کاروبار کے لیے مخصوص پالیسیوں‌اور مقامی قوانین و ضوابط اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ عام طور پر قبول شدہ اکاؤنٹنگ کے کے اصولوں (Generally Accepted Accounting Principles) کے مطابق تیار کیا جائے، اور ہمارے تمام اثاثہ جات کے ہر دم احتساب کے لیے تیار رکھا جائے۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے تمام ملازمین کو برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے مالی گوشواروں کا آڈٹ کرنے یا جائزہ لینے والے خود مختار اکاؤنٹنٹ پر دباؤ ڈالنے، گمراہ کرنے،یا دھوکہ دہی سے اس پر اثرانداز ہونے سے منع کیا گیا ہے۔

### III. تصدیقی یا معاون دستاویز بندی

رسیدوں، چیک کے لیے درخواستوں، اور سفری اخراجات کی رپورٹ جیسے لین دین کے معاملات کی تصدیقی دستاویزات میں متعلقہ لین دین کی بالکل درست اور حقیقی تفصیل درج ہونا چاہیے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےفنڈز کی ادائیگی اس ارادے یا سمجھ کے ساتھ نہ کی جائے کہ اس طرح کی ادائیگی کا کوئی بھی حصہ مذکورہ رقم سے متعلق تصدیقی معاون دستاویز میں درج شدہ مقصد کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے استعمال کیا جائے ۔ تصدیقی معاون دستاویزات کو قانون یا برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی پالیسیوں کے مطابق درست اور محفوظ رکھا جائے۔


برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو سختی سے ممانعت ہے کہ وہ کسی بھی سرکاری ایجنسی کے دائرہ اختیار میں آنے والے کسی بھی معاملے کی تفتیش یا انتظام میں روڑے اٹکانے، اثرانداز ہونے، یا رکاوٹ ڈالنے کی غرض سے دستاویزات یا ریکارڈ میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی کریں، یا اسے نقصان پہنچائیں، یا اس میں جھوٹ شامل کریں۔

### IV. غلط بیانیاں، جھوٹے ریکارڈز اور دھوکہ دہی

یہ بات انتہائی اہم ہے کہ کہ ہر قسم کی دھوکہ دہی کی شناخت کی جائے، اسے رپورٹ کیا جائے، اور اہم ترین یہ ہے کہ اس کا تدارک کیا جائے۔ کسی کو بھی غلط حقائق پیش کرنے یا انہیں درست ثابت کرنے اور ریکارڈ میں جھوٹ شامل کرنے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے۔ اس ضابطہ اور ان پالیسیوں کی خلاف ورزی کسی تادیبی کاروائی کی بنیاد بن سکتی ہے، جس میں ملازمت کی معطلی اور برطرفی اور / یا اطلاق شدہ قانون کے تحت مناسب فوجداری یا دیوانی مقدمات کا قیام شامل ہے۔ یہ تادیبی کاروائی صرف ان اقدامات تک نہیں محدود نہیں ہوسکتی۔

### V. اختیارات کی تفویض کی پالیسی

تمام ملازمین کو تفویض اختیارات (DOA) پالیسی میں بیان کردہ حدود کی پابندی کرنی ہو گی۔



# کمپنی کے اثاثہ جات و املاک

**ایک** محفوظ، کم خرچ کاروبار چلانے کے لئے کمپنی کے اثاثہ جات کی دیکھ بھال لازم ہے۔،اور اپنے اثاثوں کی حفاظت کرنا تمام برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کی ذمہ داری ہے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےملازمین کے لیے لازم ہے کہ وہ کمپنی کے اثاثہ جات اور جائیداد کو غلط استعمال اور زیاں سے بچاتے ہوئے انہیں بہت خیال اور اور درست طریقے سےاستعمال کریں اور برقرار رکھیں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کےاثاثہ جات میں املاک کے ساتھ مشینری اور تمام آلاتِ کار اور ذخیرہ سامان شامل ہیں ۔ اس کے علاو اثاثہ جات میں دیگر مادی اثاثہ جات جیسے سیکیورٹیز اور نقد رقم، دفتری سامان، رسد اور معلوماتی نظام شامل ہیں۔ ان اثاثہ جات میں تخلیقی اوردانشورانہ حقوق، جیسے گاہکوں کی فہرستیں، قیمتوں کے تعین کی معلومات، سافٹ ویئر، پیٹنٹ، تجارتی نشان، کاپی رائٹس اور دیگر مالکانہ معلومات اور دیگر معلومات شامل ہیں۔

### I. مصنوعات اور خدمات

ہماری مصنوعات اور خدمات برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ملکیت ہیں۔ ملازمین کی ملازمت کے دوران ان کی برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی مصنوعات یا خدمات کی تعمیر و ترقی، بہتری، اور ان کے نفاذ کے لئے کی جانے والی ان کی کاوشیں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ملکیت ہیں اور اس ملازم کی ملازمت کے خاتمے کے بعد بھی باقی رہتی ہیں۔۔

### II. فنڈز

ملازمین برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی جانب سے انہیں سپرد کیے جانے والےفنڈز کے لئے ذاتی طور پر جوابدہ ہوتے ہیں ۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے فنڈز میں کرنسی، چیک، کریڈٹ یا چارج کارڈز، منی آرڈرز، ڈاک، بل، خرچے کی وصولی کے دعوے، قابل ادائیگی، قابل وصولی، تخمینے، تنخواہوں کی چیک، اخراجات کی واپس ادائیگی یا ری ایمبرسمنٹ، اور رسیدیں شامل ہیں،لیکن یہ مدات ان تک ہی محدود نہیں ہیں۔ ملازمین کو لازمی طور پر برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے فنڈز کے تحفظ، استعمال اور محفوظ اندارج میں بہت ذمہ داری اور احتیاط اختیار کرنا ہوگی:

- کمپنی فنڈز کی حفاظت کے لئے برانڈ سیف وے (BrandSafway) پالیسیوں کی پاسداری؛
- اس بات کو یقینی بنانا کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کو کمپنی کے فنڈ یا ذاتی فنڈ، جو کہ کمپنی کو واپس ادا کرنا ہوتے ہیں، کی ادائیگی کے بدلے بہتر بدلہ مل رہا ہے ؛
- صرف ان اخراجات کے لئے واپس ادائیگی کا دعویٰ کرنا جو معقول، حقیقی، اور اجازت شدہ ہوں؛اور
- جس چیز کی ہم منظوری دیتے ہیں ان کے ریکارڈ کو یقینی بنانا،جو اس حقیقت کی عکاس ہے کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے فنڈز درست اورا یمان داری پر مبنی ہیں اور انہیں بروقت تیار کیا گیا ہے۔۔

### III. کمپیوٹرز، سرورز ا، ور سافٹ وئر

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کمپیوٹرز، سرورز، الیکٹرانک میڈیا برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کمپیوٹر سسٹم میں داخل کردہ اور موجود تمام سسٹم اور ساری معلومات متعلقہ لاگو قانون کی مطابقت میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ملکیت ہیں ۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کا ای میل سسٹم، الیکٹرانک مواصلات کے سسٹم، اور انٹرنیٹ وغیرہ تک اس مقصد کے لیےرسائی فراہم کی جاتی ہے کہ انہیں کمپنی کے کاروبار کو چلانے کی غرض سے موثر، اخلاقی، عدم جارحانہ اور قانون کے مطابق طریقے سے استعمال کیا جائے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کبھی کبھار ای میل اور انٹرنیٹ سہولیات کے ذاتی استعمال کی اجازت دے سکتا ہے، بشرطیکہ یہ استعمال موثر، اخلاقی، غیر جارحانہ، اور قانون کے مطابق ہو اور کمپنی کے کاروبار کے چلنے یا ملازمین کی ملازمت سے متعلقہ ذمہ داریوں کی انجام دہی کو متاثر نہ کرتا ہو۔ ملازمین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان وسائل کے ذاتی استعمال میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی پالسیوں یا اپنے علاقے یا کاروبار سے متعلق مخصوص پالیسیوں پر عمل کریں گے اور درست فیصلے اور احتیاط کا استعمال کریں گے۔ ایسا کرنے میں ناکامی اس ضابطہ کی خلاف ورزی ہے اور اس کے نتیجے میں ذاتی استعمال کے لیے چند یا تمام وسائل تک رسائی پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کمپیوٹر ز کے حفاظتی نظام کو ناکارہ کرنے، ناکام کرنے، یا اسے جُل دینے کی کوئی بھی کوشش تادیبی کارروائی کے لئے بنیاد ہوسکتی ہے، جس میں ملازمت سے معطلی اور برطرفی شامل ہیں۔ لیکن ممکن ہے یہ کاروائی ان اقدامات تک ہی محدود نہ ہو۔

ممالک کی ایک بڑھتی ہوئی تعداد ''ذاتی معلومات'' (نام، گھر اور دفتر سے رابطہ کی معلومات،وغیرہ) کے جمع کرنے، ان پر تعامل کرنے،اور انہیں استعمال کرنے کے معاملات اب زیادہ سختی سے منظم اور باقاعدہ کرر رہی ہے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی پالیسیوں اور اطلاق شدہ معاہداتی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ لاگو قوانین اور اس دائرہ کار سے متعلق قواعد و ضوابط کی پابندی کرنی ہوگی جہاں سے ذاتی معلومات اکھٹی کی جاتی ہیں، ان پر تعامل ہوتا ہے، یا ان کا ستعمال ہوتا ہے ۔

سوشل نیٹ ورکنگ کا استعمال ایک مفید ذریعہ ہوسکتا ہے۔ تاہم، اگر سوشل نیٹ ورکنگ کومناسب طریقے سے استعمال نہ کیا جائے تو اس سے آپ اور برانڈ سیف وے (BrandSafway) برانڈ کو اضافی خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔ باقاعدہ منظوری کے بغیر آپ برانڈ سیف وے (BrandSafway) یا اپنے کاروباری یونٹ کے بارے میں معلومات شائع کرنے کے لئے کبھی بھی سوشل نیٹ ورکنگ کا استعمال نہ کریں۔ ملازمین کو سختی سے ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی(براہ راست یا بالواسطہ) طریقے سے کسی بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے نام پر اکاؤنٹ نہ بنائیں اور اس کے نام سے کوئی بھی معلومات یا پوسٹ شائع نہ کریں اور / یا اپنے طور پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی نمائندگی کرتے ہوئے کوئی بھی معلومات یا پوسٹ شائع نہ کریں۔ اگر آپ کو سوشل نیٹ ورکنگ پر پوسٹ کی گئی کوئی چیز نظر آتی ہے جس میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) یا آپ کے بزنس یونٹ کے بارے میں غلط معلومات شامل ہیں تو براہ کرم اپنے مینجر یا چیف کمپلائنس آفیسر کو مطلع کریں۔

## IV.ملکیتی اور خفیہ معلومات

تمام ملازمین کا فرض ہے کہ وہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ملکیتی اور خفیہ معلومات کو محفوظ رکھیں اور اسے غیر مجاز افشا سے بچائیں۔ اگر کمپنی کسی بھی معاہدے کے تحت سخت رازداری برقرار رکھنے کی ذمہ دار ہے تو ملازم اس قسم کی سخت ذمہ داریوں کا پابند ہوگا۔ یہ ذمہ داری اور فرض ملازم کی ملازمت کے خاتمے کے بعد جاری رہے گا، چاہے ملازمت کے خاتمے کی کوئی بھی وجہ ہو۔

خفیہ معلومات میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) سے متعلق تمام غیر عوامی معلومات شامل ہیں، جن میں اشیاء، کاروبار یا مالیات، نئے کاروبار کی خریداری یا کاروبار کی تقسیم کے منصوبہ جات، مسابقتی حالت، کاروباری حکمت عملیوں، گاہکوں کی معلومات، اشیاء کی لاگت کے بارے میں معلومات کے ساتھ ساتھ دیگر تمام غیر عوامی معلومات شامل ہیں، جن کا افشاحریفوں کے لیے فائدہ مند ہوسکتا ہے یا برانڈ سیف وے (BrandSafway) اور اس کے صارفین یا رسد کنندگان کے لئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

ملکیتی معلومات میں پیٹنٹ، ٹریڈ مارک، کاپی رائٹس، تجارتی راز اور دیگر تمام حساس یا خاص تکنیکی، مالی،اور کاروباری معلومات شامل ہیں۔ ان تمام معلومات کاغیر مجاز افشا نہ صرف ہمارے لئے ان کی اہمیت اور قدر ختم کر سکتا ہے بلکہ دوسروں کو ناجائز یا غلط فائدہ بھی پہنچا سکتا ہے۔

باقاعدہ اجازت کے بغیر برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی ملکیتی اور خفیہ معلومات کسی پر بھی ظاہر یا افشاءنہیں کی جا سکتی ہیں۔ ملکیتی اور خفیہ دستاویزات کو محفوظ اور مخصوص تحویل میں رکھیں۔ عام کاروباری سرگرمیوں کے دوران رسد کنندگان، گاہک اور حریف بعض اوقات آپ پر ایسی معلومات ظاہر کر سکتے ہیں جو ان کے کاروبار کے لئے ملکیتی ہوں۔ ان کا یہ اعتبار نہ توڑیں اور اس کا احترام کریں۔

عام طور پر کسی مدمقابل کے بارے میں عوامی معلومات جمع کرنا یا اپنے کاروبار کو چلانے میں اس کا استعمال کرنا ناجائز یا غیر قانونی نہیں ہے۔ مسابقتی معلومات حاصل کرتے وقت اخلاقیات اور ان قوانین و ضوابط کا پاس لازم ہے جو کہ مسابقت کاروں کے ملکیتی معلومات کے تحفظ کے لیے ہیں۔ مثال کے طور پر، مناسب یہی ہے کہ ایسی معلومات عوامی ذرائع سے حاصل کی جائیں۔ مثلاً ویب سائٹ، اشتہارات، بروشرز یا عوامی پریزنٹیشنز، لیکن ملازمین کے لئے یہ بات نامناسب ہے کہ وہ اپنے سابق آجر کی ملکیتی معلومات کو استعمال کریں، چاہے وہ سابق آجر ایک مدمقابل ہی کیوں نہ ہو۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) اپنے کاروباری حریفوں کی ملکیتی یا خفیہ معلومات کا احترام کرتا ہے اور توقع رکھتا ہے کہ ہمارے ملازمین اس طرح کی ملکیتی یا خفیہ معلومات حاصل کرنے سے باز رہیں گے۔ اگر آپ کو مسابقتی معلومات کے کسی ذریعہ کی مناسبت کے بارے میں یقین نہیں ہے تو براہ کرم چیف کمپلائنس آفیسر یا شعبہ قانون کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔

## V. چوری کا تدارک

برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی جائیداد اور اثاثہ جات میں چوری یا بدعنوانی کی وجہ سے جو نقصان ہوتا ہے اسے کم از کم رکھنے کے لیے کے لئے کمپنی کے اثاثہ جات کا انتظام بہت سمجھ بوجھ کے ساتھ مناسب احتیاطی تدابیر اختیار کرکے انجام دینا چاہیے۔ آلات، رسد، اور سامان کو کو مکمل حفاظت میں رکھیں، مشتبہ افراد یا سرگرمیوں کو رپورٹ کریں اور غیر مجاز افراد کی موجودگی میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی خفیہ معلومات پر بات نہ کریں۔

# برانڈ سیف وے (BarandSafway) کی برادری

**برانڈ** سیف وے (BrandSafway) کی افرادی قوت بہت ساری ثقافتوں، قومیتوں، زبانوں، اور طرز زندگی کی عکاس ہے اور ہم ان ملازمین کواپنی جانب راغب کرنے، ان کو آگے بڑھانے، اور انہیں ساتھ رکھنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں، جو کہ اسی قدر متنوع ہیں جس قدر وہ مارکیٹ جس میں ہم اپنی اشیاء و خدمات پیش کرتے ہیں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) امتیازی سلوک سے پاک ایک ایسا ماحول کار بنانے اور برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہے، جو ہماری تنوع کی مضبوطی کے مطابق ہو اور جہاں ملازمین ایک دوسرے کے ساتھ باہمی احترام کے ساتھ آتے ہوں۔ ان مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے،برانڈ سیف وے (BrandSafway) نے تنوع کے بارے میں کمپنی کا ایک بیانیہ تیار کیا ہے۔ ہم آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ آپ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے متنوع ثقافت کی معاونت اور اسے فروغ دینے کے لئے جو کچھ بھی کر سکتے ہیں کرلیا کریں۔ مل کر کام کرنے سے ہم امتیازی سلوک سے پاک دنیا کی تشکیل میں مدد کر دے سکتے ہیں، جو گہرے باہمی افہام و تفہیم، اور باہمی احترام کی بنیادپر قائم ہو اور جہاں انسانی شائستگی اور شفافیت کا راسخ عزم موجود ہو۔

## I. روزگار دینے میں شفافیت کے رہنما اصول

ہم ملازمت کے تمام فیصلے اور دیگر کاروباری فیصلے عمر، قومیت، شہریت، معذوری، صنف، نسل، مذہب، قومی بنیاد، ازدواجی حیثیت، جنسی رجحان، فوجی خدمت، سابق فوجی کی حیثیت کی پرواہ کیے بغیر یا قانونی طور پر جائز دیگر خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کرتے ہیں۔ ہم ملازمت کی شرائط و ضوابط میں امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔۔ اس کے علاوہ، ہم خواتین، اقلیتوں، معذور افراد اور سابق فوجیوں کے لئے روزگار کے مواقع بڑھانے کی غرض سے قانونی اور مثبت اقدامات اٹھاتے ہیں۔

## II. کام کا مثبت ماحول

ہم ہر طرح کے ہراسانی سے منع کرتے ہیں۔ اس میں صنف، نسل، قومیت، جنسی رجحان، جسمانی یا ذہنی معذوری، عمر، مذہب، سابقہ فوجی کی حیثیت، قومی بنیاد یا کسی بھی قانونی طور پر محفوظ حیثیت سے متعلق کسی بھی ملازم کے ساتھ رکھا جانے والا کم تر، توہین آمیز، شرمناک یا خوفزدہ کرنے والا رویہ اور سلوک شامل ہے۔ مزید برآں، برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ملازمین کو برانڈ سیف وے کی جائیداد یا حدودکے اندر یا برانڈ سیف وے کے کاروبار میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے کسی کے ساتھ کسی بھی قسم کے ایسے حملوں، معاندانہ جسمانی رابطہ یا دھمکیوں، لڑائی، دھونس، ضرر پہنچانے یا تشدد کی زبانی دھمکیوں یا کسی بھی ایسے عمل میں حصہ نہیں لینا چاہیے جو کہ دھمکی آمیز، معاندانہ، یا توہین آمیز ہو ۔ جو بھی شخص ہراساں کرنے کا ارتکاب کرتا ہے یا ا سے ہونے دیتا ہے،اس کے خلاف انضباطی کارروائی ہو سکتی ہے جو ملازمت سے معطلی اور ملازمت کی منسوخی یا اس سے بھی بڑھ کر کسی قدم پر منتج ہوسکتی ہے۔

## III. جنسی ہراسگی

ہم اس اصول کے پابند ہیں کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کوئی بھی ملازم، آفیسر، ڈائریکٹر یا برانڈ سیف وے (BrandSafway) سے وابستہ کوئی بھی شخص جنسی ہراسانی کا نشانہ نہیں بننا چاہئے۔ ہماری کوشش ہے کہ ایسا ماحولِ کار فراہم کیا جائے جو کہ عزت اورمساوی مواقع کو فروغ دے اور جنسی طور پر ہراساں کرنے سمیت ہر قسم کے غیر قانونی امتیازی سلوک سے پاک ہو۔ ہم ناپسندیدہ جنسی پیشرفت / جنسی طور پر ہراساں کرنے، جنسی احسانات کی درخواستوں، اور دیگر جنسی نوعیت کے زبانی یا جسمانی طرز عمل کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ ماحول میں یا کسی بھی اور طرح یا شکل میں اشتعال آمیز جنسی نمائش کی ممانعت کرتے ہیں۔ کسی بھی ایسے ملازم، جو جنسی طور پر ہراساں کرنے کے خدشات کو مناسب طریقے سے اٹھائے یا جنسی طور پر ہراساں کرنے کی شکایت درج کرے، کے خلاف انتقامی کاروائی سختی سے ممنوع قرار دی گئی ہے۔ خفیہ تفتیش کے بعد، اگرکسی بھی شخص کو جنسی طور پر ہراسگی یا کسی مخاصمانہ جوابی کاروائی کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف انضباطی کاروائی ہو سکتی ہے، جس میں اس کی ملازمت سے معطلی اور برطرفی شامل ہوسکتی ہے، یا اس سے بھی زیادہ کاروائی ہوسکتی ہے۔

## IV. نامناسب تعلقات

باہمی رضامندی سے جنسی یا رومانٹک تعلقات طاقت کے ناجائز استعمال کے خدشات کو جنم دیتے ہیں اگر ان میں انتظامیہ کا کوئی رکن اور اس کے زیر اختیار کوئی فرد ملوث ہو۔ اگر شرکاء کے اس قسم کے اختلاط کا کوئی منفی نتیجہ نہ بھی نکلے، پھر بھی اس طرح کے رومانٹک رابطے ممکنہ طور پر مفادات کا تنازعہ پیدا کر سکتے ہیں اور ان کے ساتھی ملازمین کی

جانب سے انہیں غیر شفاف یا ترجیحی سلوک کے الزامات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ تمام ملازمین کو جائے کار کے اندر جنسی یا رومانٹک رابطوں کے ممکنہ منفی نتائج کی پہچان ہونا چاہیے۔ اس قسم کے تعلق میں ملوث شرکاء کو اس طرح کے تعلقات کے بارے میں بہت احتیاط سے سوچنا چاہیے اور شرکاء کے رویے یا ان کے تعلقات کے جائے کار پر ہونے والے اثرات کے بارے میں دیگر فریقوں کو پیش آنے والی کسی بھی پریشانی کی اطلاع، اگر قانونی طور پر ممنوع نہ ہو، اپنے انسانی وسائل کے نمائندے کو دی جانی چاہئے۔

## V. جائے کار میں رازداری

ہم ملازمین کے رازداری کے حقوق کا احترام کرتے ہیں۔ ہمارے ملازمین کی ملازمت کا ریکارڈ، ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات، اور دیگر نجی معلومات صرف کاروبار ی، قانونی یا معاہداتی مقاصد کے لیے رکھی جاتی ہیں اور انہیں صرف اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب اس کی قانونی یا کسی سرکاری ضابطے کے تحت ضرورت ہو، یا جب تک یہ معلومات متعلقہ طور پر کارآمد ہوں۔ ملازمین کے ریکارڈ تک رسائی صرف مجاز برانڈ سیف وے (BrandSafway) ملازمین کو حاصل ہے۔ ریکارڈ تک یہ رسائی اس وقت ہی کی جاتی ہے جب یہ معلومات کسی جائز اور مناسب کاروباری ضرورت کے لیے درکار ہوں۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) سے باہر کسی کو بھی باقاعدہ اجازت کے بغیر کسی ملازم کی ذاتی معلومات فراہم نہیں کی جا سکتیں۔ ملازمین کی رازداری کو برقرار رکھتے ہوئے برانڈ سیف وے (BrandSafway) لاگو قانون کے مطابق کمپنی کے املاک کے استعمال کی نگرانی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، جس میں لاگو قانون کے مطابق دفاتر، ڈیسک، لاکر، بیگ اور گاڑیوں وغیرہ کے استعمال کی نگرانی شامل ہے ۔ اس کے علاوہ، برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی مواصلات اور کمپیوٹر سسٹم، مثلاً کمپیوٹر نیٹ ورکس، ڈیٹا فائلز، ای میل، انٹرنیٹ کے استعمال اور وائس میل کی لاگو قانون کے تحت کمپنی نگرانی کر سکتی ہے اور ان تک رسائی حاصل کر سکتی ہے تاکہ ٹیکنالوجی کے استعمال میں دیانت داری کو یقینی بنایا جائے،دھوکہ دہی اور غلط استعمال سے محفوظ رکھا جائے، غیر مجاز رسائی کو پکڑا جائے، یا کسی کاروباری مقصد کو حاصل کیا جائے۔

## VI.یونینز اور مزدوروں کی نمائندگی

جہاں اجتماعی نمائندگی موجود ہے، وہاں برانڈ سیف وے (BrandSafway) نیک نیتی اور باہمی احترام کے اصولوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے ان نمائندہ تنظیموں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔



# ماحول، صحت اور تحفظ

**برانڈ** سیف وے (BrandSafway) کے نزدیک تحفظ پہلی ترجیح ہے۔ آپ کی حفاظت اور آپ کے ساتھ ساتھ آپ کے ساتھی کارکنوں اور اپنے گاہکوں کی حفاظت ہمارے لیے ہر چیز سے مقدم ہے۔ ہم نے اپنے آپ کو اس مقصد کے لیے وقف کیا ہے کہ ہم ایک محفوظ اور صحت مند جائے کار قائم رکھیں اور اسے برقرار رکھیں، اور ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں اس انداز میں منظم کرکے جاری رکھیں کہ ان کا ماحول پر کم سے کم منفی اثر ہو۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) ملازمین کی صحت اور تحفظ اور ماحولیات کے تحفظ سے متعلق تمام لاگو قواعد پر مکمل طور سے عمل کرنے یا ان قواعد سے بھی زیادہ بہتر انداز میں کارکردگی دکھانے کے لئے پرعزم ہے۔

تحفظ کی ثقافت کو فروغ دینے میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ہر ایک ملازم کا اہم کردار ہے اور اس وجہ سے برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ہر ملازم سے توقع کی جاتی ہے کہ:

- دی گئی انتباہات اور ضوابط کی پاس داری کرے۔
- دوران کار لگنے والی کسی چوٹ یا کسی بھی ماحولیاتی یا تحفظ سے متعلق خدشات کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ انتظامیہ کو آگاہ کرے۔
- ہماری ماحولیات، صحت اور تحفظ (EHS) کی پالیسیوں اور ہدایت ناموں اور تحفظ سے متعلق وقتاً فوقتاً جاری خبروں اور انتباہات کو سمجھے اور ان پر عمل کرے ۔
- جب کبھی کوئی ایسی صورتحال پیدا ہو کہ کسی کام کو انجام دینے سے ماحول، صحت اور تحفظ کے حوالے سے کچھ تشویشات سامنے آئیں یا جان بچانے کے قواعد (LSR) کی خلاف ورزیوں کا ممکنہ خدشہ ہو تو آپ کا فرض ہے کہ آپ کام کو روک دیں۔

### I. تحفظ کی پالیسیاں اور پروگرام

ہم ماحولیات کی حفاظت اور اپنے ملازمین، صارفین، دیگر ٹھیکہ داروں، اور عوام کی صحت اور تندرستی کے تحفظ اور ماحولیاتی بہتری اور سلامتی کے لئے ایک ناقابل سمجھوتہ عزم رکھتے ہیں۔ ہمارے صحت اور تحفظ (EHS) کے پروگراموں میں ہماری دیکھ بھال پر مشتمل ثقافت اور ان پروگراموں میں تمام ملازمین کی شرکت کرنا محفوظ رویے کے فروغ اور خطرات کے فعال خاتمے کی تحریک بنے گا۔ ہماری کمپنی اس کے لئے پرعزم ہے کہ:

- خصوصی تربیت، مناسب سازوسامان اور ہماری صنعت میں استعمال ہونے والے بہترین طریقہ ہائے کار مہیا کر کے اپنے ملازمین کو ای ایچ ایس سے متعلق عمدہ کارکردگی کا اہل بنائے۔
- اپنے ملازمین کو بااختیار بنائے تاکہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) اپنے صارفین کو محفوظ اشیاء اور خدمات مہیا کرے، ہماری ای ایچ ایس کامیابیوں میں حصہ لیں، اور محفوظ کام کے طریقوں اور طرز عمل کو تقویت بخش سکیں۔
- اپنے کام کے مقامات اور انسانی کارکردگی کا مشاہدہ اور آڈٹ کرے، جس میں مثبت طرز عمل کی تقویت پزیری اور ای ایچ ایس کے مقاصد اور کامیابیوں کے حصول کی کوششوں کو تقویت دینے لیے مداخلت کرنا شامل ہیں۔
- صف اول کے اور ست العمل اشاریوں، رجحانات کے تجزیے، ملازمین کی طرف سے ملنے والے ردعمل، صحت اور حفاظت کمیٹی کی جانب سے فراہم کیے گئے ردعمل، اور صنعت کے بہترین طریقہ ہائے کار کا استعمال کرتے ہوئے اپنے ای ایچ ایس سرگرمیوں کی نگرانی کرے۔
- ہمارے ای ایچ ایس کی کارکردگی کے نتائج، اصلاحی اقدامات، اور احتیاطی تدابیر کوملازمین، گاہکوں، اور دیگر اسٹیک ہولڈرز تک پہنچائے۔
- صنعت کی بہترین کارکردگی کو برقرار رکھنے کے لئے اپنے ای ایچ ایس پروگرام اور طریقہ کار میں بہتری لائے۔

### II. جائے کار پر شراب اور منشیات

الکحل اور دیگر منشیات کا غلط یا کثرت سے استعمال ہمارے ملازمین اور برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے لئے جائے کار کے اندر پیداواریت میں کمی، حادثات، غیر حاضری، تاخیر اور تنازعات کے علاوہ افراد، ان کے اہل خانہ اور برادری کے لیے ا نسانی اور صحت کے نقصانات کے لحاظ سے ایک انتہائی تشویش کی بات ہے۔

ہم منشیات کی کثرت استعمال سے پاک جائے کار فراہم کرنے کے لئے وقف ہیں۔ ملازمین کو کسی بھی غیر قانونی یا غیرمجاز ادویات یا الکحل کے اثرات سے مکمل پاک ہوکر اپنے کام کی جگہ پر کام کے لیے مکمل فٹ حالت میں رپورٹ کرنا چاہیے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے احاطے یا گاہکوں کی جگہوں پر غیر قانونی یا غیر مجاز ادویات یا شراب کا استعمال کرنا، رکھنا، یا تقسیم کرنا ممنوع ہے۔ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی انتظامیہ غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع متعلقہ مجاز حکام کو دے گی۔ ملازمین کو یہ بھی یقینی بنانا ہو گا کہ اگر وہ کوئی ادویات ڈاکٹری نسخے کے مطابق لے رہے ہیں، تو وہ کسی بھی لحاظ سے ان کے فرائض کی انجام دہی میں رکاوٹ نہیں بنیں گی اور نہ ہی اس پر اثر انداز ہوں گی۔

مزید برآں، ملازمین سے درخواست کی جا سکتی ہے کہ وہ اعلان شدہ، غیر اعلانیہ یا بے ترتیب دوا اور / یا الکحل جانچ میں، جہاں بھی ان کے منعقد ہونے کی اجازت ہو، شرکت کریں۔ بذریعہ مقامی قانون ناجائز یا غیر قانونی منشیات یا الکحل کا استعمال ثابت ہونے کی صورت میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) انضباطی کارروائی کرسکتی ہے، جس میں ملازمت سے معطلی اور برطرفی یا اس سے بھی زیادہ کاروائی ممکن ہے۔

### III. ماحول کی حفاظت

ہم یہ یقینی بنانے کے لئے تمام مناسب اقدامات اٹھانے کے کیے پر عزم ہیں کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کی مصنوعات، خدمات، نقل و حمل کے ذرائع،اور کوڑے کرکٹ سے نمٹنے کے انتظام کی سرگرمیاں ماحولیاتی تحفظ کی خاطر بہترین انداز میں سرانجام دی جائیں، جو کہ ان تمام مقامی قوانین اور مقامی قوانین کے طریقوں کے مطابق ہوں جو ماحول کے تحفظ اور انتظام پر لاگو ہوتے ہیں۔ ان اقدامات میں برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے ماحولیاتی کنٹرول پروگراموں کے انتظام کے لئے اہل افراد کا چناؤ، حکومت اور صنعت کے گروپوں کے ساتھ مناسب معیارات تیار کرنے کے لئے تعاون، اپنے کام کرنے کے ذرائع اور سہولیات کا اس انداز میں استعمال کہ جس سے آلودگی کے اخراج کا امکان کم سے کم رہے، ملازمین اور کمیونٹی کے رہائشیوں کو ماحولیاتی کنٹرول کے متعلقہ معاملات سے آگاہی، صرف اپنے کام میں شہرت پانے والے فضلہ ٹھکانے لگانے والے ٹھیکیداروں کے ساتھ معاملات کرنا، اور تمام لاگو قوانین اور ضوابط کی تعمیل شامل ہیں ۔ ملازمین سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ماحول کے تحفظ سے متعلق تمام لاگو قوانین اور قواعد و ضوابط پر عمل کریں۔

ماحول کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں کی کچھ حدود میں بھاری جرمانے عائد ہوتے ہیں ان کا اطلاق برانڈ سیف وے (BrandSafway) اور ملوث ملازمین پر ہو سکتا ہے۔







# عوام کے سامنے حقائق کا اظہار

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے تمام ظاہر کردہ حقائق ,بشمول مالی کارکردگی سے متعلق معلومات، سامان کے معاہدوں، اور سرمایہ کاروں، ریگولیٹرز اور عام لوگوں کے لئے اہم معلومات سے متعلق معلومات، یا ان کے علاوہ متعلقہ معلومات، لاگو قوانین اور قواعد و ضوابط کے مطابق ہیں اور درست ہیں، اس طرح کے تمام حقائق صرف خاص طور پر قائم ذرائع پر ہی ظاہر ہوں۔ اگر آپ باقاعدہ مجاز نہیں، تو برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے کسی ملازم یا کسی بھی فریق ثالث کو، کہ جس پر ضابطہ ہذا لاگو ہوتا ہے، ممانعت کی جاتی ہے کہ وہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے معاملات کے بارے میں سیکیوریٹی کے تجزیہ کاروں، اخبارات اور دیگر میڈیا کے نمائندوں، حکومتی اہلکاروں اور دیگر بیرونی افراد کے ساتھ بات کریں۔

## I. پریس انکوائریز اور میڈیا رابطہ

کارپوریٹ ترجمان میڈیا کی تمام سوالوں کا جواب دینے اور خفیہ یا حساس معلومات کے نادانستہ انکشاف سے بچنے کے لئے موجود ہیں۔ ملازمین میڈیا کے سوالات کو ہمیشہ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے نائب صدر برائے مواصلات اور برانڈنگ کو بھیجیں۔ ملازمین کو کسی بھی موقع پر قومی یا مقامی میڈیا کے ساتھ برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے معاملات پر تبادلہ خیال نہیں کرنا چاہیئے، جب تک کہ اس کے خصوصی طور پر اجازت نہ دی جائے۔

## II. حکومتی انکوائریز اور تحقیقات

ہماری پالیسی ہے کہ تمام ملازمین، سرکاری اور نیم سرکاری تحقیقاتی حکام کی جانب سےمعلومات حاصل کرنے کی غرض سے کی جانے والی تمام قانونی درخواستوں کے ساتھ تعاون کریں۔ ملازمین کو ہمیشہ ایسے عہدیداروں کے ساتھ ایمانداری اور سچائی سے پیش آنا چاہیئے اور اس طرح کی کسی بھی پوچھ گچھ یا تفتیش کو شعبہ قانون کے کسی رکن کو فوری طور پر رپورٹ کرنا چاہیئے۔ اگر آپ کسی سرکاری ایجنسی سے معلومات کے لئے درخواست کی تعمیل کرنے کی اپنی ذمہ داری کی حدود کے بارے میں غیر یقینی ہیں تو آپ کو برانڈ سیف وے (BrandSafway) کے چیف کمپلائنس آفیسر یا شعبہ قانون سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیئے۔

# استثنیٰ اور خلاصہ

## استثنیٰ

عام طور پر اس ضابطے میں کوئی استثنیٰ نہیں دی جاتی۔ استثنیٰ کے لئے ملازمین چیف کمپلائنس آفیسر کو تحریری درخواست دے سکتے ہیں۔

## خلاصہ

کسی بھی صورت حال میں کسی طرز عمل کی وجہ جانچنا نہ تو آسان ہے اور نہ ہی میکینیکل۔ اس ضابطے کا مقصد ہر صورت حال سے نمٹنا نہیں، جہاں ابہام موجود ہوں یا کوئی سوالات ابھریں۔ ہر ملازم کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس قسم کی صورت حال کو ہوش مندی سے سے دیکھے، درست فیصلے کرے، خود کو مکمل با خبر رکھے، اور مشتبہ خلاف ورزیوں کو فوری طور پر رپورٹ کرے۔ اس ضابطے میں موجود رہنما اصولوں کی پیروی کر کے ہی ہم سخت جدوجہد کے نتیجے میں بنائی اپنی دیانت داری اور اخلاقی رویے کی ساکھ کو برقرار رکھ سکتے ہیں اور اسے مزید ترقی دے سکتے ہیں۔



Brand Industrial Services, Inc.
1325 Cobb International Dr., Ste A-1 | Kennesaw, GA USA 30152
BrandSafway.com



©2020 Brand Industrial Service, Inc. All rights reserved.